نعتﷺ

نبی کو چاہنے والے غمِ دُنیا نہیں کرتے
کوئی دکھ ہو کوئی مشکل ہو وہ پروا نہیں کرتے

عطا کرتا ہے صبر و شکر کی نعمت خدا اُن کو
پریشانی کے عالم میں بھی وہ شکوہ نہیں کرتے

گُزر اوقات ہو جاتی ہے اُن کی فقر و فاقہ میں
مگر وہ اپنی غیرت کا کبھی سودا نہیں کرتے

بصارت سے سوا جن کو بصیرت پر بھروسا ہے
وہ طیبہ کا کسی سے راستہ پوچھا نہیں کرتے

وہ چلتے ہیں تو دم لیتے ہیں جاکر اپنی منزل پر
مدینے کے مسافر راہ میں ٹھہرا نہیں کرتے

چھپالیتے ہیں آقا عاصیوں کو اپنی کملی میں
وہ اپنے چاہنے والوں کو شرمندہ نہیں کرتے

جنہیں سرکار کی شانِ شفاعت پر بھر و سا ہے
سزا کا اور پُرسش کا وہ اندیشہ نہیں کرتے

نبی کے جتنے پیرو ہیں وہ ملت کے سپاہی ہیں
وہ راہِ بندگی میں جان کی پروا نہیں کرتے

جنہیں اللہ کے محبوب سے سچّی محبتّ ہے
وہ دینِ مصطفیٰ کے نام کو رسوا نہیں کرتے

فقط اشکوں کی صورت میں وہ عرضِ حال کرتے ہیں
کبھی پاسِ ادب سے وہ لبوں کو وا نہیں کرتے